ں فرق واختلاف کے وجوہ واسباب یہ تمام چیزیں بھی کمال وضوح اور بلاغت کے ساتھ بیان کی گئی ہیں۔ زبان و بیان کی شگفتگی اور جوشِ اظہار و بلاغت اسلوب کے لئے مولانا کا نام کافی ضمانت ہے۔ نثر میں بھی شعر کا مزہ اور بزم میں بھی رزم کا لطف آتا ہے۔ پھر جو کچھ لکھا ہے آج کل کے جدید ذہن کو سامنے رکھ کر لکھا ہے۔ گویا مخاطب وہی ہے اس لئے طبعی طور پر قدامت کے ساتھ جدت کا رنگ بھی پیدا ہو گیا ہے۔ بہرحال کتاب اپنی ظاہری اور معنوی خوبیوں کے اعتبار سے بڑی قابل قدر اور لائق مطالعہ ہے۔ اور اس لائق ہے کہ مدارس عربیہ کے اعلیٰ درجات کے نصاب میں اسے شامل کیا جائے۔

اسرارِ حق۔ از مولانا محمد الیاس برنی مرحوم تقطیع خورد، ضخامت ۲۹۶ صفحات کتابت و طباعت متوسط درجہ کی۔ قیمت چار روپے۔ پتہ: نشاۃ ثانیہ معظم جاہی مارکیٹ حیدرآباد (آندھرا پردیش)

لائق مصنف کا ذوق گوناگوں اور بہت متنوع قسم کا تھا۔ معاشیات کے وہ استاد بھی تھے اس کے علاوہ انہیں تصوف سے بھی بڑا لگاؤ تھا۔ چنانچہ اس کتاب میں انھوں نے قرآن و حدیث اور اکابر اسلام کے اقوال کی روشنی میں توحید پر بہت مفصل لیکن دلچسپ اور موثر گفتگو کر کے یہ بتایا ہے کہ توحید جس طرح ذات اور صفات میں ہوتی ہے۔ افعال، آثار اور وجود وغیرہ میں بھی ہوتی ہے۔ اس کے بعد احدیت اور صمدیت کی حقیقت پر روشنی ڈالنے کے بعد ان دونوں کے باہم ربط و تعلق کو نمایاں کیا ہے۔ آخر میں دو ضمیمے جن میں مذہب، فلسفہ اور تصوف پر صوفیائے کرام اور یورپ کی تصنیفات کی فہرستیں اور اصطلاحات کے انگریزی میں ترجمے شامل ہیں۔ طلبا کے لئے بہت مفید ہیں۔ امید ہے کہ ارباب ذوق اس کتاب کے مطالعہ سے محظوظ و شادکام ہوں گے

آئینۂ جمال از جناب جمال بھارتی تقطیع خورد ضخامت ۲۰۷ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت چار روپے پچاس پیسے، پتہ: کتب خانہ انجمن ترقی اردو۔ جامع مسجد، دہلی ۶

جمال بھارتی جو پہلے فکر ندوی کے نام سے معروف تھے، ان شاعروں میں سے ہیں جن میں شعر گوئی کا ملکہ فطری ہوتا ہے اور اس لئے وہ کسی خاص موضوع سے وابستہ ہو کر نہیں رہتے۔